انٹر (پارٹ-II) لاہور بورڈ 2004ء

اردو (لازمی) پرچہ: II

وقت: 3 گھنٹے (دوسرا گروپ) کل نمبر: 100

1- سیاق وسباق کے حوالے سے درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے: 1,1,3,10
مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے:

(الف) یہ قاعدے کی بات ہے کہ اچھا کھانے والے اچھا پہننا بھی چاہتے ہیں۔ اکثر لوگوں کو دیکھا ہے کہ وہ اپنے لباس میں ہر طرح کا تکلف برتتے ہیں مگر اولاد کو کچھ اس طرح پہناتے اوڑھاتے ہیں کہ وہ کچھ لے پالک یا سوتیلی سی اولاد نظر آتی ہے۔ اس قسم کے بچے ابتدا ہی سے احساس کمتری کا شکار ہو کر کرگس زادے تو خیر بن جاتے ہیں مگر شاہین بچے نہیں بن سکتے۔

(ب) ہر چند قاعدہ عام یہ ہے کہ عالم آب وگل کے مجرم عالم ارواح میں سزا پاتے ہیں۔ لیکن یوں بھی ہوتا ہے کہ عالم ارواح کے گنہگار کو دنیا میں بھیج کر سزا دیتے ہیں۔ چنانچہ میں آٹھویں رجب ۱۲۱۲ھ میں روبکاری کے واسطے یہاں بھیجا گیا۔ تیرہ برس حوالات میں رہا۔ رجب ۱۲۲۵ھ کو میرے واسطے حکم دوام حبس صادر ہوا۔ ایک بیڑی میرے پاؤں میں ڈال دی اور دلی شہر کو زندان مقرر کیا اور مجھے اس زندان میں ڈال دیا۔

2- درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے: 1,9

(الف) ایک کہانی بڑی پرانی (ب) شاہین بچے

(ج) ہاسٹل میں پڑھنا

3- نصابی اسباق کو پیش نظر رکھتے ہوئے صرف ایک سوال کا مختصر جواب لکھیے: 5

(الف) دل ایک منٹ میں عموماً کتنی بار دھڑکتا ہے؟ یہ رفتار کس حد تک کم وبیش ہو سکتی ہے؟

(ب) سرسید احمد خان نے وقار الملک کی سرزنش یک میں اپنی رائے کا اظہار کن الفاظ میں کیا؟

4- درج ذیل اشعار میں سے صرف تین کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 3,12

(الف) میر تھا ایک مونس ہجراں
سو وہ مدت سے اب نہیں آتا

(ب) تھی وہ اک شخص کے تصور سے
اب وہ رعنائی خیال کہاں؟

www.Say2Learn.com

(ج) کون و مکاں سے ہے دل وحشی کنارہ گیر
اس خانماں خراب نے ڈھونڈا ہے گھر کہاں

(د) علم میں بھی سرور ہے لیکن
یہ وہ جنت ہے جس میں حور نہیں

(ہ) خرد کا نام جنوں پڑ گیا جنوں کا خرد
جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

(و) قافلہ کس کی پیروی میں چلے
کون سب سے بڑا لٹیرا ہے

5- درج ذیل تراکیب میں سے صرف پانچ کو اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ ان کا مفہوم واضح ہو جائے: 5

تاراج خزاں۔ وقت سحر۔ زاہدان شہر۔ ذکر اغیار۔ راحت افزا۔ وقت صبح۔ کون و مکان۔

6- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے: 20

(الف) پسندیدہ شاعر (ب) نظریہ پاکستان

(ج) علم ایک دولت ہے (د) کالج میں میرا پہلا دن

(ہ) جہیز ایک لعنت ہے

7- اپنے کالج کے پرنسپل کے نام کریکٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کے لئے درخواست لکھئے۔

یا

کرایہ مکان کی وصولی کی رسید تحریر کیجئے۔ 10

8- (الف) مخلوط یا منقطع کی تعریف کیجئے۔ وضاحت کے لئے دو مثالیں بھی دیجئے۔ 1,1,3

(ب) مطابقت کے اصولوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے پانچ جملوں کو درست کیجئے: 5

(1) گھوڑا گاڑی بک گئے ہیں۔ (2) اکرم اور اس کی ماں گھر گئی۔ (3) یہ عورت بڑی لڑاکی ہے۔ (4) قلم دوات یہاں رکھے ہیں۔ (5) اس کا باغ، زمین، دکانیں سب کچھ بک گئے۔ (6) "کلیات مجید امجد" مارکیٹ میں آ گئے ہیں۔ (7) زندگی کھیل اور تماشا ہوتے ہیں۔

(ج) درج ذیل حروف میں سے صرف پانچ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے: 5

جیسے جیسے۔ ویسے ویسے۔ اگرچہ نہیں۔ بلکہ۔ کیونکہ۔ ورنہ۔ خواہ۔ نہ۔

(د) وقفہ یا رابطہ کی تعریف کیجئے۔ علامت کی نشاندہی کیجئے اور دو مثالیں بھی

www.Say2Learn.com